جاتاہی اوسیقدر بیضوی طرف شکل قریب البیضوی کی میل کرتا ہی اور جسوقت محور کو انتہا درجے کا لا
ہوجاتاہی اوسوقت بیضوی قریب البیضوی ہوجاتاہی یعنی جسوقت کہ محور نوبت
بہ نوبت زیادہ ہوتاہی اوسوقت حد بیضویکی قریب البیضوی ہی + اوسنی یہہ
بہی دریافت کیا کہ یہہ دمدار سیارہ اپنی مدار کی مساوی قطاع کو مساوی اوقات
مین طی کرتاھی یعنی قطاع اوسکی مدار کی آپسمین وہی نسبت رکہتی ہین جو کہ اوقات
اونکی طی کرنی کی آپسمین رکہتی ہین جو بات سیارون عام کی مدارون مین پائی
جاتی ہی + حرکات اس دمدار سیارہ کی جو مشاہدہ کی جاتی ہین وہ بالکل
مطابق ہین اُن حرکات سکے جو بغیر مشاہدہ کی فقط یہہ بات ماننی سے
کہ مدار اوسکا نہایت لمبا بیضوی ہی ظاہر ہوجاتین اور اس مین اسیقدر
صحت اور درستی ہی جسقدر کی سیارون عام کی مدارون کو قریب قریب
مدور فرض کرنے سے حاصل ہوتی ہی + جسوقت سی کہ یہہ باتین نسبت دمدار
سیارہ سنہ ۱۶۸۰ کی نیوٹن نی ثابت کی ہین اوسوقت سی یہہ بات بہت
حکماء فرنگ نی مان لی ہی کہ حرکات دمدار سیارونکی موافق اونہین قواعد
کی عمل مین آتی ہین جنسیکہ حرکات سیارون عام کی پیدا ہوتی ہین فقط فرق
یہہ ھی کہ مدار دمدار سیارون کی نہایت لمبی بیضوی ہین اور زاوئی جو یہہ
مدار طریق الشمس سے بناتی ہین اونکی بہی کچھہ حد نہین معلوم ہوتی ہی + یہہ بہی
ایک فرق ہی کہ جسطرحسی کہ سیاری عام اپنی حرکات کو ایک خاص سمت سی طرف
ایک خاص سمت سکے کرتی ہین یعنی مشرق سی مغرب کی طرف یا مغرب سے
مشرق کے طرف یہہ بات حرکات دمدار سیارون کی مین نہین پائی
جاتے ہے

جسوقت کہ قواعد حرکات بیضوی یا قریب البیضوی کے معلوم ہون تو فقط
بذریعہ علم ہندسہ کی یہہ بات معلوم ہو سکتی ہی کہ کس مقام پر بیضوی یا
قریب البیضوی مدار سیارون مذکور کی واقع ہین اور اونکی عرض و طول کسقدر
ہین + فی الحقیقت تین دفعہ مشاہدہ کرنے سے رایٹ اسنشن اور میل دُمدار
سیارون کا اور وقت مشاہدہ کو ہی یاد رکھنی سی ہی سب باتین مدارون
مذکور کی بخوبی معلوم ہو جاتی ہین لیکن یہہ بات عمل مین لانے نہایت مشکل ہی
یہہ مسئلہ علم ریاضی کا کہ بذریعہ رایٹ اسنشن اور میل دمدار سیارون کے اونکی
مدار کی مقام اور صورت اور مقدار دریافت کرلینا ایک امر ممکن تو ہی لیکن
نہایت مشکل ہی اور اوسکی واسطی بڑی علمیت اور استعداد ضروری ہی + وہ باتین
جنکی ذریعہ سی مدار دومدار سیارون کا سب حال معلوم ہو جاتا ہی اوسیطور
کی ہین جیسیکہ نسبت سیارون عام کی ہوتی ہین اور جب یہہ ایک خاص مقام
کے لئی تحقیق ہوئین او نسی ساری مدار کا حال معلوم ہو جاتا ہی اور اس ترکیب
سی ہم نہایت درستی سی اسبات کا امتحان کرسکتی ہین کہ آیا وہ قواعد عام
کشش جن پر سب حساب حرکات کی مبنی کئی گئی ہین سچ ہین یا نہین +
یہہ بات تحقیق ہو گئی ہی کہ اکثر دُمدار سیارونکی مدار بشکل قریب البیضوی کے
ہین یعنی بشکل ایسی بیضوی کی ہین جنکی محور کلان طول مین نہایت زیادہ ہین یہانتک
کہ اگر ہم اوسوقت تک جب تک وہ نہین نظر آتی ہین اونہین قریب البیضوی
کی شکل کی مدار دین حرکت کرتا ہوا مان لین تو کچہہ غلطی قابل حس کی نہین واقع
ہوگی + واضح ہو کہ قریب البیضوی وہ تراش مخروطی ہی جو حد ہی ما بین بیضوی
کے جسکی توسین چاہی جتنی دور پہیل کی پہر آپسمین ملاقی ہوتی ہین اور

اور بعید البضوی کی جسکی دو قوسین ہمیشہ ایک دوسری سی علیحدہ ہو جاتی ہین
اور کبھی ملاقی نہین ہوتی + پس اگر کوئی دُمدار سیارہ شکل بیضوی کی مدار مین
کہ جسکا محور کلان خواہ کسیقدر طویل ہو بالضرور حرکت دوری کریگا یعنی اگر
کسی وقت گذشتہ مین وہ نزدیک آفتاب کی آیا ہوگا تو وہ پہر کبھی نہ کبھی
آفتاب کی قریب آویگا بشرطیکہ بسبب کشش اور سیاری سی اثنای راہ مین
وہ روک نجای لیکن اگر دمدار سیارہ بعید البیضوی کی شکلکی مدار مین حرکت کرتا ہی
تو وہ ایک دفع قریب آفتاب کی آکر پہر اوسکی قریب کبھی نہین آیگا بلکہ وہ
آگی کو چلا جایگا اور اور نظاموں اجرام فلکی مین جایگا یا ہمیشہ کی واسطی وسعت
آسمانی کو بحو لا انتہا ہی طی کرتا رہیگا + ایسی دمدار سیاری کم ہین جو بعید البضوی
کے شکل کی مداروں مین حرکت کرتے ہین لیکن ایسی اکثر ہین جو مداروں شکل
بیضوی سے حرکت کرتی ہین + وہ دمدار سیاری جو بیضوی کی شکل کے
مداروں مین حرکت کرتے ہین بشرطیکہ کشش کسی اور سیاری کی اون پر موثر ہو کر
اونکی حرکات مین خلل انداز نہو ہمیشہ ہماری نظام یعنی نظام شمسی کی شریک
رہین گی +

اون دُمدار سیاروں مین سی جو مداروں شکل بیضوی مین حرکت کرتی ہین
نہایت مشہور وہ دمدار سیارہ ہی جسکو سیارہ ہیلی صاحب کا کہتی
ہین سنہ ۱۶۸۲ مین یہہ دُمدار سیارہ قریب آفتاب کی دیکہائی دیا اور اوس وقت
وہ نہایت روشن اور تابندہ تہا اور طول اوسکی دُم کا قریب ۳۰
درجہ کے تہا ہیلی نی اوسکی مدار کی نسبت باتونکا حساب کر کی یہہ بات
دریافت کی کہ یہہ ہی دُمدار سیارہ ہی جو سنہ ۱۵۳۱ اور سنہ ۱۶۰۷ مین نمودار

ہوا تہا اور جسکی مدار کی بہی سب باتونکا اوسنی حساب کرلیا تہا + یہہ دُمدار
سیارہ تین دفع بفاصلہ ۷۵ یا ۷۶ برس کے نمودار ہوا تہا اور
ہیلی نے توقع کی تہی کہ دمدار سیارہ پہر ۷۵ سال کی بعد نمودار ہو یعنی
قریب ۱۷۵۹ع کی نظر آوی + اس عجیب پیش گوئی کی طرف سب ہیتون
بہت شوق سے متوجہ ہوئی اور جب وقت نموداری اوس دُمدار سیارہ
کا قریب آیا تو شایقین علم ہیت کو نہایت شوق اسبات کا ہوا کہ آیا کہ
کشش بار سیارون کلان نظام شمسی کی اوسکی حرکات مین کچھہ خلل انداز
ہوتی ہین یا نہین اور وقت نموداری مذکور مین کچھہ فرق لاتی ہین یا نہین
چنانچہ کلیراٹ نے موافق قاعدہ کشش نیوٹن کے حساب ان سیارون
کے خلل اندازی کا کیا اور دریافت کیا کہ بسبب کشش سیارہ زحل کے
دُمدار سیارہ مذکور کی حرکت ذرا کم ہو جاوی گی اسقدر کہ ایک سو دن
اوسکی نموداری مین زیادہ لگین گی اور بسبب کشش مشتری کے ۵۱۸
دن زیادہ لگین گے پس کل فرق ۶۱۸ دن کا پڑیگا اور دومدار
سیارہ مذکور کی نمودار ہونی مین اسقدر فرق آیگا الغرض موافق حساب
حکیم مذکور کی ایک مہینہ کم یا زیادہ ۱۷۵۹ع مین دُمدار سیارہ مذکور نمودار
ہوگا یعنی یا تو ایک مہینہ پہلی تاریخ ۱۵ ماہ اپریل ۱۷۵۹ع کی نمودار ہوگا یا
ایک مہینی بعد اوسکی + دمدار سیارہ مذکور فی الحقیقت ۱۲ ماہ مارچ
۱۷۵۹ع مین نمودار ہوا اور یہاں سنی معلوم ہوا کہ حساب کلیراٹ کا بالکل
درست اور صحیح تہا + دماسو اور پنٹی کوکنٹ کی حساب سے
یہہ معلوم ہوتا ہی کہ یہی دُمدار سیارہ پہر نہایت قریب آفتاب کے

کے چوتہی یا ساتوین نومبر ۱۸۳۵ کو نمودار ہوگا لیعنی اُن دو فاضلون کے
حساب مین فقط دو دن کا اختلاف ہی اول تو کہتا ہی کہ سیارہ مذکور
چار نومبر ۱۸۳۵ کو نمودار ہوگا اور دوسرا کہتا ہی کہ وہ ۷ نومبر ۱۸۳۵ کو
دیکہائی نزدیک آفتاب کی دیگا + قریب ایک مہینے قبل ازدن تاریخون کے
دومدار سیارہ مذکور ہماری نصف کرہ زمین مین لیعنی نصف کرہ شمال مین نظر
آنی لگیگا + یہہ دمدار سیارہ بہت پاس زمین کی آجاویگا اور غالب ہے
کہ اوسکی بڑی دم بہی ہو + لیکن ازبسکہ اوسکی دم پہلی مشاہدون مین کہٹتی
ہوئی معلوم ہوتی تہی تو ایسا معلوم ہوتا ہی کہ آیندہ کو اوسکی صورت ایسی ہیبت
ناک ندیکہی جاوی گی جیسیکہ پہلی دیکہی گئی تہے اور جسکی مشاہدہ کرنی سے
پہلی لوگ جو علم ہیئت کی باریک مسایل سے واقفیت نہ رکہتی تہی ڈر گئے
کہ شاید کوئی بڑی آفت نازل اور واقع ہو + پہلی لوگ اسقدر ڈرتی تہی کہ ساری
گرجا گہرون اور عبادت خانون مین حکم ہوا تہا کہ سب آدمی نماز پڑہین تاکہ
بداثر دمدار سیارون کا خلقت پر نہو +

چند مدت ہوئی کہ دمدار سیاری ایسی دریافت ہوئی ہین کہ وہ دورا کرتی
ہوئی معلوم ہوتی ہین لیعنی جسمقام پر اونہین ایک دفع دیکہا ہی اوسی مقام
پر پہر بعد اوقات مقررہ کی واپس آتی ہین + علاوہ ازین ریاضی دانون
نے اونکی واپس آنی کی اوقات مقرر کئی تہی اور اونہین اوقات مین پہر
نمودار ہوئی + انکی ایک معلم مدرسہ برلین کہ ملک پروس کا دارالخلافہ
ہے اسنے اس شخص نی ایک کو ان دمدار سیارون مین سی خوب مشاہدہ کیا ہی
اور اوسکی باربار نمودار ہونی کی اوقات مقررہ کئی ہین اور اسیواسطے

اس دمدار سیارہ کو انکی کا دمدار سیارہ کہتی ہین * یہہ دمدار سیارہ
ایک بیضوی کی شکلکی مدار مین گردش کرتا ہی اور خارج المرکز اس کا نہایت
زیادہ ہی اور سطح اوسکی مدار کی سطح طریق الشمس سے ایک زاویہ ۱۳ءہ اور
۲۲ درجہ کا بناتی ہی اور عرصہ گردش اسکا قریب ۱۲۰۷ دن یعنی قریب
ساری تین برس کی ہی * یہہ بات اوسوقت دریافت ہوتی تھی جبکہ یہہ
دمدار سیارہ چوتھی دفعہ ۱۸۱۹ع مین نمودار ہوا تھا * جو مدار بیضوی
واسطی اس سیارہ کی انکی نے اوسوقت دریافت کیا تھا اوسکی ذریعہ سے
اوسنی وقت اوسکی پہر نمودار ہونی کا بہی دریافت کرلیا تہا فی الحقیقت
وہ ۱۸۲۲ع مین مقام پیراماٹہ مین کہ جزیرہ نیوسوتہہ ویلز مین ہی
رونکر صاحب نے اس سیارہ کو دیکہا کیونکہ یہہ سیارہ یورپ مین
نظر نہین آتا * بعد ازان اوسی دمدار سیاری کی پہر نمودار ہونی کی
وقت کا حساب کیا اور پہر اوسکو بہت سی رسدخانون یورپ کے
سی لوگون نے ۱۸۲۵ع اور ۱۸۲۸ع اور ۱۸۳۲ع مین مشاہدہ کیا *
مشاہدات سی دریافت ہوا ہی کہ وقت گردش اس دمدار سیارہ کا ہر
دورہ مین کہٹتا جاتا ہی اور اس سے یہہ معلوم ہوتا ہی کہ محور کلان اوسکی مدار
کا یعنی فاصلہ مساوی اوسکا آفتاب سی کم ہوتا جاتا ہی اور یہہ بات تحقیق
ہوئی ہی کہ بعد مجرا کرنے ان غلطیونکی اور خللونکی جو کشش سیارون عام کی
سے حرکات اس دمدار سیارہ کی مین واقع ہوتی ہین اور باعث گہٹنی
فاصلہ مذکور موافق قول انکی صاحب کی یہہ ہی کہ ایک جسم سیال نہایت
لطیف اس دمدار سیارہ کی مدار کی ہر طرف بہرا ہوا ہی اور اوسکی حرکت کو

کو قدری مزاحمت کرتا ہی اور اس باعث سی اوسکی رفتار ہمیشہ گھٹتی جاتی ہی
یعنی اوسکا رو بتعغر المرکز کم ہوتا جاتا ہی اور اس باعث سی کشش آفتاب کی
اوس طرف آفتاب کے زیادہ قریب لاتی ہی اور یہانسی ایسا معلوم ہوتا ہی
کہ یا تو آخر کو یہہ دمدار سیارہ افتاب مین گر پڑیگا یا قبل از پونہچنی آفتاب تک
وہ خود ذایل ہوجایگا کیونکہ ہر دفع کہ وہ نمودار ہوتا ہی اوسکا قد و قامت بہ نسبت
پیشتر کے کم مشاہدہ کیا جاتا ہی اور اس سے یہہ غالب معلوم ہوتا ہی چند مرتبہ
مین وہ بالکل ذایل ہوجایگا +

ایک اور دمدار سیارہ جبکا وقت گردش کا گرد آفتاب کی دریافت ہوا ہی وہ ہی
جسکو بیلا نے دریافت کیا ہی + یہہ وہی سیارہ ہی جو ۱۷۸۹ اور ۱۷۹۰
مین نمودار ہوا تھا اور اپنی چھوٹے سی مدار بیضوی کو گرد آفتاب کے قریب
۶ ¾ برس مین طی کرتا ہی + پچھلی دفعہ وہ نہایت قریب آفتاب کے ۱۸۳۲ مین
نمودار ہوا تھا اور نمودار ہونے کے پہلی ہی ہیئت دانون کو خبر ہوگئی
تھی اور آیندہ حساب سے معلوم ہوتا ہی کہ وہ ۱۸۳۹ مین پھر نمودار ہوگا +
یہہ ایک بہت ہی چھوٹا دمدار سیارہ ہی اور اوسکی دم بہی ہنین معلوم
ہوتی ہی اور نہ کوئی مجسم اور سخت شئے اوسکی شفاف جسم کے اندر نظر
آتی ہی + اس دمدار سیارہ کا مدار زمین کی مدار کو قریب قریب تقاطع کرتا ہی
اور اگر ۱۸۳۲ مین زمین اپنی مقام سے قریب ایک مہینی کے اگلی مقام
پر ہوتی تو زمین دمدار سیارہ مذکور سی ٹکر کہاتی اور بہت غالب تھا کہ
زمین کو صدمہ عظیم پہنچتا +

جب دمدار سیاری اپنی مدارون مین گردش کرتی ہین وہ اثنا راہ مین گردش

کی قریب سیارون عام ہماری نظام کی آتی ہین اور کشش اون سیارون کے
اونکو اپنی اصلی مدارون سی ہٹا دیتی ہی اور اس باعث سے صورت مدارون
دُمدار سیارون کی بدل جاتی ہی + کچھہ خدا کی قدرت ایسی ہی کہ ستارہ مشتری
اور اوسکی چاند دمدار سیارون کی حرکت اصلی کی بابت خارج ہوتے
ہین + واضح ہو کہ ۱۷۷۰ء مین ایک مشہور دمدار سیارہ نمودار ہوا تھا اور
اوسکا لکسل نے مشاہدہ کیا اور وہ چھوٹے سے بیضوی مدار مین
قریب پانچ برس مین گردش کو تمام کرتا تھا اور لکسل نی اوسکی پھر نمودار
ہونے کا وقت بھی دریافت کر لیا تھا اور اوسی وقت مقررہ مین وہ پھر
نمودار ہوتا اگر کوئی اوسکی سد راہ نہوا ہوتا لیکن جب یہہ دُمدار سیارہ
قریب سیارہ مشتری کی پونہچا تو وہ اوسکی چاندون مین اولجھ گیا یعنی اونکی
کشش کی باعث سی وہ اپنی اصلی مدار سی نکل گیا اور اوسنی ایک اور
لنبا مدار بیضوی طی کیا اور اس باعث سی وہ وقت مقرری پر پھر نمودار
نہوا + گو یہہ دُمدار سیارہ بہت قریب چاندون مشتری کی آیا تھا لیکن
ان چاندون پر اوسکی کشش کا زرا بھی اثر نہ مشاہدہ کیا گیا اور یہان
سے یہہ معلوم ہوا کہ دُمدار سیارہ چاندون سی بھی کم مقدار مادہ کہتا ہی
دمدار سیارون کی بیان مین اب فقط یہہ
بات باقی رہی ہی کہ اونکی اصلی عرض و طول اور عمق یعنی اونکا حجم کسقدر ہی +
دریافت کرنا حجم اونکی سرون اور دم کی مین ذرا بھی مشکل نہین ہی جسوقت
معلوم ہو جائین مقام اور اور مقدار اونکی مدارون کی کیونکہ جب ہمین یہہ بات معلوم
ہو جاوی اوسوقت ہم بآسانی اونکی فاصلہ گوی آفتاب سے دریافت کر سکتی ہین

ہین اور سمت حقیقی اونکی دمونکی معلوم کرسکتی ہین اور سمت دم کی معلوم ہوتی ہی یہہ
فایدہ عظیم ہی کہ گو ہمین دم اصلی طول کی نہین نظر آتی ہی پھر بہی ہم اوسکا
حساب کرسکتی ہین + اس اس طرحکی حسابون سے یہہ بات تحقیق ہوئی
ہی کہ دمدار سیارے نہایت بڑی جسم ہین کہ جسامت مین کوئی اور جرم
نظام شمسی مین نہین پایا جاتا ہی + بعض کی حجم ہمنی دریافت کئی ہین اور اونکو
ہم آگی درج کرتے ہین +

نیوٹن صاحب سنے دریافت کیا تہا کہ دم اوس بڑی دمدار سیارہ کی جو سنہ ۱۶۸۰
مین نہایت قریب آفتاب کی نمودار ہوا تہا ۷۰۰۰۰۰۰۰ میل کی تہی اور فقط
دو دن مین یہہ سیارہ مین سی پیدا ہوگئی تہی + اور اس سی یہہ قطعی معلوم ہوتا ہی کہ یہہ
دم بسبب کسی قوت سخت کی یکایک پیدا ہوجاتی ہی اور مبدا اس قوت کا جو وقت ہم سمت نکلنی
دم کو خیال کرتی ہین بالضرور ایسا معلوم ہوتا ہی کہ آفتاب ہی مین ہی + یہہ دم بڑی
ہوتی گئی تہی اور جب اوسکو غایت درجہ کا طول حاصل ہوا اوس وقت اوسکا
پہیلاؤ قریب ۱۲۳۵۰۰۰۰۰ میل کی تہا اور یہہ طول اسقدر ہی کہ وہ زیادہ
ہی اوس فاصلہ سے بہی جو مابین آفتاب اور زمین کے واقع ہی + دم
اوس دمدار سیارہ کی جو سنہ ۱۷۶۹ مین نمودار ہوا تہا قریب ۵۶۰۰۰۰۰
میل کے تہی اور اوس بڑی دمدار سیارہ کی جو سنہ ۱۸۱۱ مین نمودار ہوا تہا
قریب ۱۱۶۰۰۰۰۰ میل کی تہی + اس پچھلی دمدار سیارہ کی سر کے اوس
حصہ کا قطر جو واقع ہی درمیان اوس شفاف پوشش ہوائی کے جسم اوسکی
دم سی علیحدہ کرتے ہی قریب ۶۳۳۰۰۰۰ میل کی ہی + یہہ بات خیال مین
نہین آتی کہ کسطور سے اپنی دور کی پہیلی ہوئی مادہ کو ضعیف کشش

دمدار سیارون کی پہر اکٹہا کرلے تی ہی اور کم ہونا دم کا اکثر مشاہدہ کیا گیا ہے +

مسئلہ کشش کا بیان

فصل اول

یہ بیان اون ترکیبون سے کے جسکی وسیلہ سی حساب کشش کا ہوسکتا ہی یعنی یہ بیان قاعدہ کشش ثقل کے +

(۱) وہ اصل جسکی وسیلہ سی حرکات زمین اور چاند اور سیارونکا حساب ہوسکتا ہی یہہ ہی + ہر ذرہ مادہ کا کشش کرتا ہی ہر اور ذرہ مادہ کو + یعنے اگر ہووے صرف ایک جسم ساکن اور ایک دوسرا جسم نزدیک اوسکی لایا جاوے تو جسم اول فوراً حرکت طرف ثانی کی شروع کریگا بعینہ اوسیطور پر جسطرح کہ ایک سوئی جو رکہی ہو ایک میز پر طرف مقناطیس کی کہ نزدیک اوسکی لایا جاوے حرکت کیا کرتی ہی اور ہم کہا کرتے ہین کہ مقناطیس کہینچتا ہی سوئی کو + لیکن کشش مقناطیسی تعلق رکہتی ہی صرف خاص اجسام کو برعکس اسکی وہ کشش جسکا ہم اسی جای ذکر کر رہی ہین تعلق رکہتی ہی سب اجسام سی خواہ وہ کسی قسم کی ہون دہات مٹی سیال ہوا دوخان وغیرہ سب پر یہہ کشش اثر کرتے ہی +

(۲) مسٹر کیونڈش صاحب نی صدی گذشتہ کی آخر مین ایسی ایسی تجربہ کئی تہی کہ اونسی یہہ ثابت ہوتا ہی کہ اجسام ایک دوسرے کو کہنچتی ہین وہ تجربہ اسطرح عمل مین آئی تہی + ایک ٹکڑی لکڑی یا دہات وغیرہ کو لیکر اوسکی بیچ مین ایک تار باندہ کر لٹکا دیا تہا اور رانگی کی گولیان لیکر اوسی لکڑی کے

کے دونون سرون پر لگا دیا تھا اور بعد از ان جسوقت بڑی بڑی رانگی
کی گولیان نزدیک چھوٹی گولیون مذکور کی لائی گئین اوسوقت دریافت
ہوا تھا کہ تار فوراً بسبب حرکت چھوٹی گولیون کی لپیٹ نی لگا یعنی بڑی
گولیون کے کشش سی چھوٹی گولئین حرکت کرنے لگین اور اسواسطی لکڑی
گھومنی لگی اور اوسکی ساتھہ تار لپیٹ نی لگا + جو باتین ان تجربون سی ہویدا ہوتی
ہین وی اسواسطی عجایب معلوم ہوتی ہین کہ وی کم واقع ہوتی ہین اور
کشش جسکو ہم ہرلحظہ دیکھتی ہین کافی ہی واسطی ثابت کرنے وجود اس قسم کی
قوت کا + اسواسطیکہ جبکہ ہم خیال کرتے ہین کہ زمین گول ہی اور جسوقت
کہ اجسام کسی جای سطح زمین پر بی سہارہ چھوڑی جاوین تو وہ گر پڑتی ہین
بیچ سمت عمود کی اوپر سطح مذکور کے + (اور اسیطواسطی وہ اجسام جو
اوس جاے سطح زمین پر واقع ہین جہانکہ دوسرا سرا اوس قطر زمین کا
جسکی اول سری پر جسم مذکورہ بالا واقع ہین سمت مخالف مین گرین گی +)
تو اوسوقت ہمین لاچار ہوکر ماننا پڑتا ہی کہ کوئی زور مثل کشش حقیقت مین ہی
اور یا تو اوسکی سمت طرف مرکز زمین کے ہی یا وہ پیدا ہوتا ہی بسبب
بی شمار چھوٹی زورونکی جنکی سمتین مطابق سمتون اون سب ذرون کے ہین جن سے زمین بنی ہوئی ہی + بڑی بات جو کیونڈش صاحب کے تجربو سے
معلوم ہوتی ہی وہ یہہ ہی کہ ہر ذرہ زمین کی سمت مین تھوڑا تھوڑا زور
کشش ہوتا ہی +

(۳) لیکن یہہ ضرور ہی کہ بیان کرین ہم توضیح کرکے اون ترکیبون کو
جنکی وسیلا سی کشش ضبط کی جاتی ہی اور حساب کے جاسکتی ہی یعنی لازم

ہی کہ دریافت کرین ہم قاعدہ کشش کا + قبل از بیان کرنے اُن ترکیبون کی
لازم ہی کہنا ٹھہراوین ہم یہہ بات کہ کونسی کو کشش کا اثر دونین سے اوسکی مقدار
کا اندازہ مقرر کرین + اسواسطی کہ دو مختلف اثر کشش کی ہوتی ہین ایک تو
داب بسبب کشش کے پیدا ہوتی ہی کسی شی پر جو کسی جسم کو گرنے سے
مانع آوی اور دوسرا وہ مسافت جو وہ جسم زمانہ مقررہ مین بسبب
کشش مذکورہ کے طی کرتا ہی جسوقت شی مذکور جسم مذکور کے گرنے کے
مانع نہ اوی + مثلاً اندازہ کرسکتی ہین ہم زور کشش کی مقدار کو دسی داب
سے جو ایک ٹکڑا رانگی کا اوپر ہتیلی کی پیدا کرتا ہے جسوقت کہ ہم اوسی
پکڑے ہوئی ہین یا تعداد انچونکی سی جتنی انچ ٹکڑا مذکور ایک سکنڈ مین
طرف زمین کی گرے جسوقت کہ ہٹالین ہم اپنا ہات اوسکی نیچے سے اسواسطےکہ
دونون باتین یعنی داب اور حرکت بسبب کشش کی واقع ہوتی ہین +
لیکن ان دو مثالونمین یہہ فرق ہی کہ اگر اختیار کرین ہم اندازہ اول
کو تو دریافت کرینگی مختلف اندازہ مختلف ٹکڑون رانگی کے سے برخلاف
اسکی اگر اختیار کرین ہم دوسرا پیمانا تو ہمیشہ وہی اندازہ حاصل
ہوگا کسواسطی کہ اون تجربون سی جھوٹ نہہ خبرداری تمام کیا ہی اونسی
یہہ معلوم ہوا کہ جسوقت ہوا کو کسیطرح سی ہٹا کر چھوٹی چھوٹی ٹکڑی رانگی
کے یا پتہر کے گرنیکی واسطی چھوڑ دی جاوین تو وہ سب ایک
سکنڈ مین تعداد مساوی انچونکی طی کرکی زمین پر پہنچتی ہین + بسبب
مطابقت اور سہولت کے جو پچھلی پیمانہ کشش مین پائی جاتی ہین ہم اوسی
پیمانہ کو ہر صورت مین اختیار کرینگی اور اسیواسطے ہم یہہ کہینگی کہ کشش

کشش اندازہ کی جاتی ہی بعد سین مسافت کی جو کوئی جسم جسکی گرنیکی لئی کوئی
شے مانع نہین ہی ایک سکنڈ مین بسبب کشش مذکور کی طرف زمین کے طی کریگا

(۴) پس جہانکہ ذکر حساب کشش کا آوی تو وہان
یہہ سمجہا چاہئی کہ دریافت کیا چاہتی ہین ہم تعداد انچون یا فیٹ کی جو کوئی
جسم ایک سکنڈ مین بسبب کشش کی طرف زمین کی طی کرتا ہی +

(۵) قاعدہ اول کشش کا یہہ ہی کہ کشش ایک جسم کی دوسری پر موقوف نہین ہی اوپر
مقدار مادہ جسم کشیدہ کی بلکہ کشش ایکسی رہتی ہی خواہ کچہی مقدار مادہ
جسم کشیدہ کا ہو بشرطیکہ فاصلہ مابین دونون جسمون کی نبدلی +

(۶) شلاً مشتری آفتاب اور زمین کو کہینچتا ہی اور باوجودیکہ آفتاب مین
مقدار مادہ تین لاکہہ دفعہ بہ نسبت زمین کی مقدار مادہ کی زیادہ
ہی پہر بہی کشش مشتری کی آفتاب اور زمین پر مساوی ہی جسوقت کہ فاصلہ
مشتری کا آفتاب اور زمین سے مساوی ہوتا ہی + یا یون کہون کہ
جسوقت کہ آفتاب اور زمین مساوی فاصلہ پر مشتری سے
ہوتی ہین اوسوقت کشش مشتری کی آفتاب کو اتنی ہی انچ (یا کسو انچ کی ایک سکنڈ مین)
ہنیچی ہی جتنی انچ وہی کشش زمین کو کہینچتی ہین اوسی عرصہ مین +

(۷) دوسرا قاعدہ یہہ ہی کہ اگر فاصلہ مابین جسمون کشیدہ اور کشندہ کے
نبدلی تو کشش جسم کشیدہ کی دوسری پر متناسب ہوتی ہی مقدار مادہ اوسکی
سے یعنی جتنی مقدار مادہ کشش کرنیوالی جسم کی زیادہ ہوتی ہی اوتنی ہی
اوسکی کشش زیادہ ہوتی ہی +

(۸) شلاً فرض کرو کہ آفتاب اور مشتری فاصلون مساوی پر زحل سے

واقع ہی۔ لیکن آفتاب نسبت مشتری کی قریب ایک ہزار دفعہ بڑا ہی پس جتنی انچ کشش مشتری کی زحل کو ایک سکنڈ مین کھینچیگی اون انچون کو ہزار گنی قرب انچ کشش آفتاب کی زحل کو طرف آفتاب کی اوسی عرصہ مین کھینچیگی +

(۹) تیسرا قاعدہ یہہ ہی کہ اگر ایکہی جسم بہت سی اور جسمون کو کہ اونکی فاصلون مختلف پر واقع ہین کشش کرنی تو کشش اس جسم کی اون سب جسمون پر نسبت معکوس مجذورون فاصلون مختلفہ کے رکھتی ہی یعنی جیسا کہ مجذور فاصلہ کا زیادہ ہوتا ہی اوتنی ہی کشش کشش کرنیوالی جسم کی کم ہوتی ہی +

(۱۰) مثلاً زمین کھینچتی ہی آفتاب کو اور چاند کو بہی لیکن آفتاب نسبت چاند کی چارسو دفع زیادہ فاصلہ پر زمین سی واقع ہی اور اسواسطی کشش زمین کی آفتاب پر $\frac{1}{160000}$ حصہ اوسی کی کشش کا اوپر چاند کی ہی یعنی چونکہ زمین کی کشش چاند کو $\frac{1}{20}$ حصہ ایک انچ کا طرف اپنی ایک سکنڈ مین کھینچتی ہی تو کشش زمین کی آفتاب کو $\frac{1}{3200000}$ حصہ ایک انچ کا طرف اپنی اوسی عرصہ مین کھینچتی ہی + اسیطور پر اگر فرض کرین ہم کہ زحل نسبت زمین کے آفتاب سی دس دفع زیادہ فاصلہ پر واقع ہی تو کشش آفتاب کی اوپر زحل کی ہوگی صرف ایک سوان حصہ کشش آفتاب کا اوپر زمین کے +

(۱۱) یہی قاعدہ جاری ہو سکتا ہی واسطے مطابق کرنے کششون ایک جسم کو اوپر دوسری کی جسوقت کہ نسبت اون جسمون کے مختلف مدارون کی حرکت کی اور اونکی مختلف رفتارون کے فاصلہ مابین اون جسمون کی بدلتا رہتا ہی + مثلاً مریخ سنہ ۱۸۳۳ کی موسم بہار مین زمین سی دوچند فاصلہ پر تہا نسبت اوس فاصلہ کی جسپر وہ سنہ ۱۸۳۲ کی موسم

موسم خزان مین تھا اور اسیواسطی کشش مریخ کی اوپر زمین کی ۱۸۳۳ کی بہار مین
ایک چوتھائی تھی اوس کشش نی جو ۱۸۱۳ کی خزان مین مریخ اوپر زمین کی رکھتا تھا +
جسوقت کہ مشتری اور زحل ایکہی طرف آفتاب کی مریخ ہوتی ہین اوسوقت اون
دو سیارون مین کچھہ فاصلہ ہوتا ہی لیکن جسوقت وہ مختلف طرفون پر آفتاب
کی واقع ہوتی ہین اوسوقت اونمین نسبت پہلی کی تگنا فاصلہ ہوجاتا ہی اور اسواسطے
کشش زحل کی مشتری پر نوگنی ہوتی ہی جسوقت یہہ دو سیاری ایکہی طرف آفتاب
کی واقع ہوتی ہین اور تگنی جسوقت کہ وہ طرفون مخالف پر واقع ہوتی ہین +

(۱۲) پڑہنیوالا اس رسالہ کا شاید یہہ سوال کری
کہ کیونکر یہہ معلوم ہوا کہ سیاری ایک دوسریکو اوسی قاعدہ سی کشش کرتی ہین
جسکا نیچی بیان کیا ہی + اس سوال کا بہت خوب جواب شاید یہہ ہوسکتا ہی +
ہم پاتی ہین کہ کشش زمین کی اوپر چاند کی وہی نسبت رکھتی ہی کشش زمین کو اوپر
کسی جسم کی کہ واقع ہو اوسکی سطح پر جو معلوم ہوتی ہی جاری کرنی سی قاعدہ کشش
کا کہ اوسکا ابہی بیان ہوا ہی + موافق قواعد کشش کی حساب حرکات سیارونکا
کیا گیا ہی اور اگر یہہ قاعدی درست اور صحیح ہونگی توہم بوسیلہ حسابون مذکور
کی مدت پہلی سی یہہ بتا سکینگے کہ فلانی فلانی اوقات مین فلانی فلانی سیاری
اس اس جای ہونگی لیکن اگر قاعدی مذکور درست اور صحیح نہین ہین تو غلطی واقع
ہوگی + آلات علم ہیئت کی ایسی خوب زمانہ حال مین بنی ہین اور ترکیبین واسطے
دیکھنی اجرام فلکی کی ایسی خوب ایجاد ہوئی ہین کہ قیاس مین نہین آسکتی ہین +
بوسیلہ اون ترکیبون کی ہم روز دیکھہ سکتی ہین مقام کسی سیارہ کا اور مطابق
کرسکتی ہین ساتھہ اوس مقام کی جو پہلی ہمنی بوسیلہ قواعد کشش کی حساب کرکی

معلوم کرلیا ھی اور معلوم ہوا ہی کہ مطابقت ٹھیک سنہ نی ہی یہان تک کچھہ شک نہین رہتا ہی قاعدہ مذکور کی درست ہونی مین + مثلا حرکت مشتری کا ایسا حساب کیا ھی کہ ہیت دانون نی دس برس پہلی سے لکھدیا ہی وقت اس سیارہ کی آنیکا اوپر نصف النہار ون مختلف مقامون کی اور تجربہ سے معلوم ہوا کہ آدہی سکنڈ کی بہی غلطی کم ہوئی +

فصل دوسری

بیچ بیان اثر کے جو کشش سی پیدا کرتی ھی اوس جسم پر جو متحرک ہو اور بیچ بیان سیارون اور اونکی چاندون کی مدار کی گردش کی +

(۱۴) اب تک ہمنی بیان کیا ہی نہایت ظاہر اور مشہور اثرون کشش کا مثلاً داب کا جو واقع ہوتا ہی اوسوقت جسوقت کہ وہ جسم جسپر کشش اثر کرتی ہی سہارا دیا جاوی (جیسیکہ ایک پتہر میز پر رکہا ہوا) اور پیدا ہونی حرکت کا جسوقت کہ جسم مذکور چہوڑا جاوی یعنی سہارا اندیا جاوی

+ یہہ بات سہولت سی معلوم ہو سکتی ہی کہ جسوقت کہ ایک جسم پہینکا جاوی اوسی سمت مین جسمین اوسی کشش کہینچتی ہی (جیسیکہ ہوتا ہی جسوقت ہم ایک پتہر کو نیچے کیطرف پہینکتی ہین) تو رفتار اوس جسم کی زیادہ ہوگی بہ نسبت اوس رفتار کی جو ہر واحد ان دورون مین سی علیحدہ علیحدہ دیتی اور اگر پہینکین ہم اوسی کشش کی سمت کی مخالف سمت مین (جیسیکہ ہوتا ہی جسوقت کہ ایک پتہر اوپر کو پہینکا جاتا ہی) تو اوسکی حرکت درجہ بدرجہ کم ہوتی جاویگی اور آخر کو اوسکی حرکت کی سمت بدل جاویگی یعنی وہ جسم بجای اوپر چڑہنی کے نیچے

نیچے اوترنی لگی گا +

اب ہم بیان کرین گی ایک مقدمہ کا جو دونون پہلی صورتون کی زیادہ تر
علم ہیئت مین کار آمد ہے + فرض کرو کہ ایک جسم پہیکا جاتا ہی اوس سمت
مین جو کاٹے ہی یعنی بناتی ہی ایک زاویہ سمت اور کشش کر سے توہم سوال
کرتی ہین کہ جسم اب کیونکر یعنی کسطرحسی حرکت کریگا +

(۱۴) نہایت سہل اور مشہور مثال اس قسم کی حرکت کی ہے حرکت
ایک پتہر کی کہ پہیکا جاوی ایک ایسی سمت مین جو کہ قریب متواری موافق کے
سب جانتی ہین کہ پتہر جلد کر جاتا ہی زمین پر اور
اگر اسکی حرکت کو ذرا غور سی بہی دیکہین گی تو یہہ معلوم ہوجایگا کہ وہ نہین
حرکت کرتا ہی ایک سمت مستقیم مین وہ شروع مین حرکت کرتا ہی اوس سمت مین جس
سمت مین وہ پہیکا جاتا ہی لیکن یہہ سمت فوراً بدل جاتی ہی اور ہمیشہ اور ہر لحظہ
بدلتی رہتی ہی اور پتہر آخر کو زمین پر ٹکر کہاتا ہی بعد حرکت کرنیکی ایک ایسی سمت
مین جو بہت جہکی ہوی ہی بہ نسبت اپنی اصلی یعنی اول لحظہ کی سمت کی یعنی
مدار پتہر کا بناتا ہی ایک زاویہ اپنی اصلی سمت سے +
اگر ہم نہایت سی نہایت زور لگاوین اور قوت عملی بہی خرچ کرین (جیسیکہ ہوتی ہی
جسوقت کہ چہوڑتی ہین توپ کا گولا) پہر بہی اتنا زور نہین لگا سکتی
ہین کہ وہ پہر زمین پر نگری + پس اسواسطی بوسیلہ اس تجربہ کی ہم نہین معلوم
کر سکتی ہین اسبات کو کہ کیا حال ہوگا ایک جسم کا مثلاً ایک سیارہ کا
جسوقت وہ حرکت کرتا ایک بڑی فاصلہ پر اور ایک اور جسم کی کہ اوسکی کشش
کرتا ہی (جیسیکہ آفتاب) لیکن اس سے عموماً بہت مدد ہوگی سوچ لیتی ہین یہہ

کہ کسطرح کی ایک جسم سی ہو سکتی ہین جسوقت کہ پہینکا جاوی وہ ایک ایسی سمت مین جو بناتی ہی ایک زاویہ زور کشش کی سمت سی +

(۱۵) پس عموماً درباب حرکت کی یہہ بات معلوم ہوتی ہی کہ جسم بسبب اپنی حرکت کے مرتسم کرتا ہی ایک خط منحنی جسکی اول جز کے وہی سمت ہی جس سمت مین پتہر پہینکا گیا تہا + جتنی باتین اس حرکت پتہر کو تعلق رکہتی ہین اونکا حساب ہو سکتا ہی بہت درستی سی بوسیلہ آئندہ کی کہ اوسکو دوسرا قاعدہ حرکت کا کہتی ہین + اور وہ ثابت ہوا ہی بوسیلہ سہل تجربون کے اور بوسیلہ اون باتون کی جو حرکب سی نکلتی ہین +

شکل اول

اگر شکل اول مین آ ہو دی وہ نقطہ جہانسی پتہر پہینکا گیا ہی اور آ ب وہ سمت جس سمت مین وہ پہینکا گیا ہی اور اگر ہم دریافت کیا چاہین کہ کسی جا بی یہہ پتہر بعد انقضای کسی خاص عرصہ معروض کی (مثلاً تین سکند کی) پہنچیگا اور اگر وہ رفتار ساتہہ جسکی وہ پہینکا گیا ہی ہووی کافی واسطی لیجانیکی اوسی ب تک بشرطیکہ زور کشش کا اوسپر اثر نہین کرتا ہی اور اگر صرف کشش لیجاوی اوسی پتہر کو آ سے ص تک گویا کہ وہ صرف ہات سی چھوڑا گیا تہا تب بعد انقضای تین سکند کے پتہر پہنچیگا مقام د پر اور یہہ معلوم ہو جایگا اگر کہینچین ہم خط ب د متوازی اور مساوی آ ص کی اور یہہ پتہر پہنچا ہوگا اس نقطہ پر

نقطه پر بعد طی کرنے مدار یعنی خطِ منحنی آ د کہ اوسکی مختلف نقطون کا مقام
معلوم ہوسکتا ہی واسیطور سی بعد انقضای مختلف سکنڈون کی +

(۱۶) حساب کرنا حرکت پتہر کا سہل ہی کیونکہ درمیان ساری حرکت پتہر کی زور
کے کشش اثر کرتی ہی ایکہی زور سی اور ایکہی سمت مین +

لیکن اون باتون کا جو تعلق رکہتی ہین حرکت ایک ایسی جسم کی سی جسکو کوئی سیارہ
یا آفتاب کشش کرتا ہی + (اور اس صورت ہمنی پہلی بیان کیا ہی کہ زور کشش کم
ہوتا ہی جبکہ محدور فاصلہ کا زیادہ ہوتا ہی اور اسواسطی اس زور کشش کی
مقدار اور سمت وہی نہین رہتی ہی نقطہ د پر جبکہ وہ تہی نقطہ ص
پر یعنے یہہ دونون چیزین بدل جاتی ہین) + بوسیلہ اسی سہل ترکیب کے
حساب نہین ہوسکتا ہی + لیکن یہی ترکیب جاری ہوسکتی تہی اگر حساب کرین
ہم واسطی نہایت ذرا ذرا سی عرصون کی یہان تک کہ جو فرق مقدار زور
کشش مین اور اوسکی سمت مین بیچ ہر واحد کی ان عرصون مین سی واقع
ہو وہ نہایت کم ہووی + مثلاً اگر حساب زمین کی حرکت کا کہ اوسی آفتاب
کشش کرتا ہی کرین اور اگر واسطی دریافت کرنی اثبات کی کہ زمین ایک
مہینے بعد اس لحظہ سے کس جای ہوگی جاری کرین ہم وہ قاعدہ جسکا پہلی بیان
ہوا تو جو مقام اس ترکیب سی معلوم ہوگا وہ بہت غلط ہوگا اور اگر حساب
کرین ہم واسطے ایک منٹ کی تو چونکہ اسصورت مین بہت زور کشش کی (جو ہمیشہ
طرف آفتاب کے رہتی ہی) + اور مقدار اوسی کشش کی + (جو ہمیشہ اتنی کم ہوتی
ہی جتنا فاصلہ کا محدور زیادہ ہوتا ہی) + بنسبت سابق کی کم بدلین گی تو
سب باتین زمین کی حرکت کے قریب مشابہہ ہونگی حرکت پتہر کی سے اور

اسواسطی غلطی جو دریافت کرنے مقام زمین کی واقع ہوگی وہ بہت کم ہوگی
بہ نسبت سابق کے اور اگر حساب کرین ہم واسطی ایک روز کی تو غلطی اور
بہی کم ہوگی یہان تک کہ وہ معلوم ہوگی صرف بوسیلہ بہت نازک آلونکی
اور بہت خبرداری سی دیکہتی ہین اور اگر ہم حساب کرین صرف واسطی ایک
دقیقہ کے تو غلطی اتنی کم ہوگی کہ وہ معلوم بالکل نہین ہونیگی +
(۱۷) ایک ایسی ترکیب حساب کرنی کی ایجاد کی گئی ہی کہ اس سی حقیقت مین واسطی
ذرا ذرا سی اجزا وقت کی متواتر حساب ہوتا ہی اور معلوم ہوجاتی ہی صحیح مقدار
زور کشش کی اور اوسکی درست سمت واسطی ہر واحد کی ان اجزا وقت مین
سی اور اس عمل سی ہم دریافت کر سکتی ہین مقام کسی جسم یا سیارہ کا بعد کسی
وقت مقررہ کی اور پہر بہی ذرا سی غلطی بہی نہین ہونیگی + قواعد جو اس ترکیب
سی نکلتی ہین بہت سہل ہین لیکن ثبوت اون قواعد کی موقوف مین مشکل امور
پر + اس جای ہم لکہہ سکتی ہین ترکیب ثابت کرنیکی لیکن ہم لکہہ دی مین صرف
قاعدونکو +

شکل دوسری

ص

ہی

ل

س

ک

گ

ح

ا

ب

(۱۸) یہہ ثابت کیا گیا ہی کہ اگر
کوئی جسم + مثلاً ایک سیارہ کسی
زور سی سمت اب مین + شکل
دوسری + پہیکا جاوی اور
اگر کشش آفتاب کی کہ واقع ہی
س پر فوراً اثر کری اس سیارہ
پر اور جاری رکہی اپنا اثر موافق اوس قاعدہ کی جسکا ہم نی سابق مین بیان

بیان کیاہی + یعنی یہہ کہ سمت زور کی ہمیشہ طرف س کی ہی اور وہ کمزور کم ہوتاہی جسکہ محدور فاصلہ کا س سی زیادہ ہودی + اور اگر سوای اس زور کشش کوئی اور زور اوپر جسم مذکور کی اثر نکری تو وہ جسم حرکت کریگا ایک مین ان خطوط منحنی مین سی + اول دایرہ + دوم بیضوی + سوم قریب البیضوی + چہارم بعید البیضوی + ہر صورت مین سمت خط منحنی کی نقطہ ا پر وہی ہوگی جو سمت خط ا ب کی ہی + یعنی اگر استعمال کرین ہم اصطلاح ہندسون کا + ا ب ہوگا ایک مماس خط منحنی کا نقطہ ا پر + خط منحنی دایرہ نہین ہوسکتاہی اگر خط ا ب عمود نہو اوپر س ا کے اور اگر رفتار جس سی جسم مذکور پہیکا گیاہی زیادہ یا کم ہو اوس خاص رفتار سی جو موقوف ہی طول س ا پر اور جسم س کی مقدار مادہ پر + اگر رفتار جسم کی مین اور اس خاص رفتار مین تہوڑا ای سا فرق ہی یعنی زیادتی یا کمی تہوڑی سی ہی تو جسم حرکت کریگا بیضوی مین اور اگر فرق مذکور بہت ہی تو جسم مذکور حرکت کریگا قریب البیضوی یا بعید البیضوی مین + اگر خط ا ب خط س ا پر عمود نہین ہی تو اور رفتار جس سی جسم پہیکا گیاہی + تہوڑی سے ہو تو جسم مذکور حرکت کریگا بیضوی مین لیکن اگر رفتار بڑی ہو تو وہ حرکت کریگا قریب البیضوی یا بعید البیضوی مین لیکن نہین دایرہ مین +

+ اگر جسم مرتسم کرتاہی ایک دایرہ تو آفتاب ہوتاہی مرکز اوس دایرہ کا اگر جسم مرتسم کرتاہی ایک بیضوی تو آفتاب نہین ہوتاہی مرکز بلکہ ایک نقطہ اسی بیضوی کا + ترکیب بنانی شکل بیضوی کی یہہ ہی کہ ایک تختہ

وہ کہوٹیٔن یا سوییان دو مقام پر شل ج س کی (+ شکل تیسری)
لگاکر ایک ڈورا شل س ط ح کے اوسنی باندہ دو اور اسی ایک سرکی
ایک سری کی قلم کی سی جیسیکہ نقطہ ط پر
تنا ہوا رکہو اور اس قلم کو حرکت دو تو یہہ
قلم مرتسم کریگا ایک شکل بیضوی اور دو
نقطی س اور ح اوسکی دو نقطی آتشی
ہونگی + اگر جسم مذکور مرتسم کرتا ہی ایک
قریب البیضوی یا بعید البیضوی تو اوسات
ہوتا ہی ایک نقطہ آتشی اونکا +

شکل تیسری

(۱۹) وہ شکلین بیضوی جو سیاری مرتسم کرتی ہین بہت کم پہیلی ہوئی ہوتی ہین
اور اُنمین اور دایرہ مین کچہہ تہوڑا ہی سا فرق ہوتا ہی + تین یا چار دمدار
سیاری مرتسم کرتے ہین بڑی لمبی شکلین بیضوی اور قریب تمام باقی دمدار سیاری
جو اب تک دیکہنی مین آئی ہین حرکت کرتی ہین ایسی خطوط منحنی مین کہ اونمین اور قریب
البیضوی مین فرق نہین معلوم ہوسکتا ہی + دو یا تین ایسی دمدار سیارون کا
دیکہا ہی + کہ اونکی حرکت سی لوگون نی پہلی ہی سی کیا ہی کہ وہ متحرک ہین بعید البیضوی
لیکن چونکہ اس رسالہ مین ہمارا ایہہ ارادہ نہین ہے
کہ دمدار سیارون کی حرکات کا بیان کرین تو ہم صرف ذکر کرینگی حرکت
بیضوی کا +

(۲۰) جو کچہہ ہمنی درباب حرکت ایک سیاری کی جو گرد آفتاب کی بسبب
کشش کی گرتا ہی اوسی قاعدہ پر + اگرچہ مقدار اس کشش کا کم ہی + جس قاعدہ پر

پر آفتاب کشش کرتا ہی + مثلاً چاند گرد زمین کے ایک شکل بیضوی مرتسم کرتا ہی اور
زمین واقع ہی ایک پر اوس شکل کی ایک نقاط آتشی پر کی اور مشتری کی چاند گرد
اوسکی اشکال بیضوی مرتسم کرتی ہین اور مشتری واقع ہی ہر ایک بیضوی کی ایک
نقطہ آتشی پر اور یہی بات صادق آتی ہی بلحاظ چاندون زحل اور ہرشل کی +

(۲۱) اوس جای جہان ہمی اون باتون فرضی کا ذکر کیا تہا جسکی موافق مدارون
سیارون کا حساب ہوتا ہی اوس جای ہمنی ذکر کیا تہا زور کشش کا اور اوس
زور کا جس سے کوئی سیارہ پہینکا گیا ہو + لیکن پڑہنیوالی کو اسبات سی آگاہ
ہونا چاہیی کہ یہ دو زور اپنی داب مین بالکل مختلف ہین + زور کشش ایک
ایسا زور ہی کہ وہ ہمیں ہر لحظہ اثر کرتا ہی جیسکہ ہم جانتی ہین کہ کشش زمین کے
ہر لحظہ اثر کرتے ہی لیکن زور جس سی کوئی جسم پہینکا جاتا ہی وہ زور ہی جسکو
سیارہ کی حرکت کی وجہ تبانیکی واسطی ہم فرض کرنا ضرور خیال کرتی ہین
لیکن یہہ زور اب اثر نہین کرتا ہی یعنی وہ ایک سیارہ متحرک ہین اور ہمارے
مطلب کی واسطی کچھہ یہہ بات دریافت کرنی مفید نہین کہ کسطرحسی ان
سیارون نی حرکت پائی لیکن واسطی سہل کرنی حسابون کی یہہ فرض کرلیا
کرتی ہین کہ کسی زمانہ مین سیارون نی اسی قسم کا صدمہ پایا تہا جو پتہر ملیدی
جسوقت کہ پہینکتی ہین اوسی بات سی اور یہہ مزید معنی نہ مرکز کی +

(۲۲) مرقومہ بالا سی یہہ معلوم ہوتا ہی کہ اگر کسی خاص نقطے یا مقام سے
کسی سیارے کو کسی خاص رفتار اور سمت مین حرکت کرتا ہوا دیکھین اور یہہ بات
معلوم کیا چاہین کہ کس شکل کا مدار یہہ سیارہ مرتسم کریگا تو لازم ہی کہ فرض
کرین ہم کہ سیارہ مذکور پہینکا گیا ہی نقطہ مذکور سی ساتہہ اوس رفتار کی اور

بیچ اوس سمت کے جو ہمٹی دیکھتے ہے اسواسطی کہ اس سے کچھ کام نہین کہ سیارہ مذکور
نے کسطرح سی رفتار مذکور حاصل کی جسوقت کہ ہم دیکھتے ہین کہ اوسکی پاس وہ
ہوگی اب ہم بیان کرینگی ایک ایسے بات کا نہایت مشکل حرکت بیضوی کا
کہ جب لوگونی اوسپر غورسی نہین توجہ کی اونہونسنے اوسی نہایت مشکل تصور کیا ہی
لیکن اگر غورسی دیکھو تو معلوم ہوگا کہ وہ ظاہر نتیجہ قاعدہ کشش کا ہی

(۲۴) ہمنی پہلی بیان کیا ہی کہ زور کشش زیادہ ہوتا ہی جس قدر مجذور فاصلہ
کا کم ہوتا ہی اور اسی واسطی زور کشش اوس جائی نہایت زیادہ ہوگا جہان کہ
فاصلہ نہایت کم ہوگا جسوقت کہ اول دفعہ اوسپر خیال کرتے ہین تو ایسا معلوم ہوتا
ہی کہ جسوقت کوئے سیارہ نہایت نزدیک آفتاب کے آتا ہی تو اوسوقت ازبسکہ کشش نہایت
زیادہ ہوجاتی ہی تو ضرور ہی وہ سیارہ بی تامل آفتاب پر گر پڑے لیکن ہم کہتی ہین کہ
اس نزدیکی سی سیارہ ہٹنا شروع کرتا ہی اور آخر کو آفتاب سی اوتنی ہی فاصلہ پر چلا
جاتا ہی جتنی فاصلہ پر وہ پہلی تہا یعنے اپنی مدار مین پہر گہومتا ہی اب ہم پوچھتی ہین
کہ کیا سبب ہی کہ سیارہ آفتاب کی نہایت نزدیک آکر پہر اوسی ہٹنی لگتا ہی

(۲۵) دلیل اسکی معلوم ہوتی ہی اس بات سی کہ رفتار سیارہ کی زیادہ ہوتی جاتی
ہی جتنا نزدیک تر وہ اوس مقام کے آتا ہی جو نہایت نزدیک آفتاب کی ہی اور اور
یا یون سی کہ جبکی وسیلہ سی ہم شکل اوس مدار کے دریافت کرتے ہین جو کوے سیارہ بسبب کسی خاص
زور کشش کے مرتسم کرتا ہی جسوقت ہمنی ایک پتہر ہاتہ سے گہومتے ہوی کے حرکت
کا کہ اوس سی سیارونکی حرکت واسطی تہوڑے وقت کے مشابہ ہوتے ہی بیان
کیا تہا اوسوقت یہہ بہی ذکر آیا تہا کہ مذکور کسی رفتار سی پہینکا جاوی لیکن
ہمیشہ وہ اوس خط منقسم سی کہ جسمین وہ شروع مین حرکت کرتا ہو اوتنا ہی ہٹتا ہی

ہی جیسا کسی خاص عرصہ مین وہ گرتا طرف زمین کے بسبب اوسکی کشش اوسی کی عرصہ
مین اگر کوئے شے اوسکی مانع ہہووی پس اسیواسطی اگر ایک پتہر کو بڑے تیز رفتار سے
پہینکین تو وہ بڑی فاصلہ پر جاکر تہوڑا سا خط مستقیم مذکور سی ہٹیگا اور اسیواسطی
اوسکی مدار مین بہت کم خم ہوگا اور یہہ ایک حقیقت ہی کہ ہر شخص کے تجربہ مین آتے ہی
یہی ہی حال سیارونکی مدار ونکا ہی اور اسیواسطی زیادتی یا کمی کسی سیارہ مدار کے
خم کے موقوف ہوتے ہی نہین صرف اوپر کشش آفتاب کی بلکہ یہی موقوف ہوتی ہی
مقدار رفتار پر جس رفتار سی سیارہ مذکور حرکت کرتا ہی جس نقطہ مدار پر حرکت
نہایت زیادہ ہوتے ہی اوسی نقطع پر خم مدار کا نہایت کم ہوگا شکل دوسری مین
فرض کرو کہ جسوقت سیارہ نقطہ ص سی گذرا اوسوقت اوسکی رفتار اتنی کم
ہوگئی کہ آفتاب نے اوسی اپنی طرف کہینچنا شروع کیا اور اوسی اپنی طرف مایل
کیا اب یہہ بہی ظاہر ہے کہ جسوقت کہ سیارہ لفاظ د اور ی اور ف پر ہوتا ہوا
نزدیک آفتاب کی آتا جاویگا اوسیقدر بسبب کشش آفتاب کی اوسکی رفتار زیادہ ہوتے
جائیگی اسواسطیکہ آفتاب کا زور کشش سیارہ د پر ہم سمت وس کے اثر کرتا ہی
اور چونکہ زاویہ درمیان خطون دی اور دس کی بہت چہوٹا ہی تو وہ زور جو سمت
دس مین اثر کرتا ہی زور منتقر المرکز کے کہ سمت دی مین واقع ہی شریک ہوگا اور
اسیواسطی رفتار سیارہ کی زیادہ ہوگی اور یہہ ایسا حسی ہوتا ہی جسطرح کہ ایک گولی
کی کہ ایک نشیب پر سی لہڑکایا جاوی اور اوسکی رفتار زیادہ ہوتی ہی اسواسطیکہ
اوس زور کے جس سی وہ ڈہکایا گیا ہی کشش زمین ہی (کہ اوسکی سمت نشیب سی
ایک چہوٹا زاویہ بناتی ہی) اوسکی مدد زیادہ کرتی اوسکی رفتار مین دیتی ہے
اسطور پر رفتار سیارہ کی بڑہتی جاتی ہی جسوقت تک کہ وہ مقام ن د ی اور ف

پرسی گذرتاہی اور درجہ زور کشش آفتاب کا بسبب نزدیکی سیارہ کی بہت زیادہ ہو
جاتاہی اور مدار اوسکی کو زیادہ خمدار کرنا چاہتاہی پہر بہی رفتار اتنی زیادہ ہوجاتی
ہی کہ مدار مذکور بہ نسبت پہلی کے زیادہ خمدار نہین ہونے پاتاہے درست حساب کرنی سے
معلوم ہوا کہ جسوقت سیارہ مقام ص سی چلتاہی اوسوقت سی ایک ربع اپنی گردش
تک وہ درجہ بدرجہ زیادہ رفتار سی طرف آفتاب کی آتا رہتاہی اور بعد ہو یعنی جسوقت
وہ دوسرا ربع اپنی گردش کا طی کرتاہے اوسوقت اوسکی رفتار طرف آفتاب کی اوسکی درجہ
بدرجہ کم ہوتی جاتی ہی اور جسوقت وہ اپنی آدہی مدار کو طی کرتاہی تو وہ اوسوقت
سے آفتاب کے اور زیادہ نزدیک نہین آتاہی اور اوسکی رفتار اتنی زیادہ ہوتی جاتی ہے
اور اسی سبب سی خم مدار کا اتنا کم ہوجاتاہی (یعنی خم قریب ویسا ہی ہوجاتاہی جیسکہ
نقطہ ص پر تہا) کہ سیارہ آفتاب سی ہٹنی لگتاہی بعد ازان وہ آفتاب سی درجہ بدرجہ
اسیطرحسی ہٹتاہی جسطرحسی کہ وہ اوسکی نزدیک آیا تہا

(۲۶) اسیطرحکی دلایل سی یہہ بہی ثابت ہوسکتاہی کہ جسوقت سیارہ نہایت فاصلہ پر
آفتاب سی چلاجاتاہی اور اسیواسطی زور کشش آفتاب کا اوسپر نہایت کم ہوجاتاہی تو
اوسوقت وہ سیارہ کسواسطی مانع کشش آفتاب کی رہتاہی یعنی کیون نہین نظام
شمسی سی بہاگ جاتا جیسکہ سیارہ مقامون ح کہ اور آ پر سی گذرتاہی کشش
آفتاب کی رفتار سیارہ کو کم کرتے رہتی ہی اسیطور سی جسطور سی کہ زور کشش زمین
کا کم کرتے ہی رفتار ایک گیند کو جو ایک ٹیلہ کے نشیب پر اوپر کیطرف پہینکی گئی ہو اور
جسوقت کہ سیارہ مقام ص پر پہنچتاہی اوسوقت اوسکی رفتار نہایت کم ہوجاتی
ہی اور اسیواسطی اگرچہ زور کشش آفتاب بہی بہت کم ہوتاہی پہر بہی وہ سیارہ
کو خط سی اتنا ہٹاتاہی کہ مدار اوسکا بہت خمدار ہوجاتاہی اور سیارہ آفتاب

آفتاب کی نزدیک پہر آنے لگتا ہی اور بطور سابق کی مدار کو پہر طی کرتا ہی

(۲۷) اصطلاحات مفصلہ ذیل کا اس رسالہ مین اکثر کام پڑیگا اور اسواسطی یہہ مناسب
ہی کہ اونکی اس جای معنی بتاوین   شکل (۴)
فرض کرو کہ س اور ہ نقاط
آتشی شکل بیضوی ا ی ب د کے مین
کہینچو خط ا ب گذرتا ہوا نقطون س اور ہ
پرسی اور فرض کرو ایک نقطہ وسط مین ہ اور س کی اور قایم کرو عمود د
ص ی کا اوپر ا ص ب کے فرض کرو کہ س وہ نقطہ آتشی ہی جہان آفتاب ہی
اوس صورت مین جسوقت ذکر ہو سیارون اول قسم کے مدار کا اور فرض کرو
آتشی نقطہ آتشی کو مقام کسی سیارہ کا جسوقت کہ ذکر ہووے دوسرے قسم کے سیارون یعنی
چاندونکی مدار کا اب خط ا ب کو محور کلان بیضوی کا کہتی ہین اور نقطہ ص کو اوسکا مرکز
ا ص یا ص ب کو نصف محور کلان کہتی ہین یہہ مساوی ہوتا ہی خط س د سی
نصف محور کلان کو بعضی اوقات فاصلہ ماوی کہتی ہین کسواسطی کہ وہ وسط مین
واقع ہی خط ا س کی جو تہی نہایت کم فاصلہ سیارہ کا س سی) اور ب س کی (جو
نہایت بڑا فاصلہ اوسی سیارہ کا نقطہ س سی ہی) خط د ی کو محور خورد کہتی ہین اور
ص ی یا د ص کو نصف محور خورد نقطہ ا کو حضیض کہتی ہین اور نقطہ ب کو اوج
نقاط ا اور ب کو اکہٹا نقاط انتہا کہتی ہین اور خط ا ب کو بعض اوقات خط انتہای
کہتی ہین بعضی اوقات س ص کو خارج المرکز خطی کہتی ہین لیکن اکثر کتابون مین اس
خارج المرکز کا ذکر نہین آیا کرتا ہی بلکہ اوس نسبت کو جو خط س ص طرف ا ص کے رکہتا ہی
خارج المرکز کہتی ہین   مثلاً اگر س ص ہووے ایک تہائی

اوس کا تو ہین جاہئی کہ مقدار خارج المرکز مدار کے $\frac{1}{2}$ یا وغیرہ ۳۳۳ ۰٫ ہے
اگر ایک خط مثل س ح کی طرف ایک خاص نقطہ آسمانی کے کہ اوسکو اول نقطہ حمل کا
کہتی ہین کہیچا جاوی تو زاویہ ج س ا کو طول نقطہ حضیض کا کہتی ہین

اگر ط ہووے مقام کسی سیارہ کا اوسکی مدار پر کسی خاص وقت مین تو زاویہ اوس خاص
وقت مین ح س ط کو طول سیارہ مذکور کا کہتی ہین اور زاویہ ا س ط کو اوسکی حقیقی
انومیلی کہتی ہین پس طول سیارہ کا مساوی ہوتا ہی حاصل جمع طول حضیض اور طول
حقیقی انومیلی سیارہ مذکور کی خط س ط کو نصف قطر متحرک کہتے ہین وہ وقت
کہ جسمین ایک سیارہ کسی خاص نقطہ اپنی مدار کے سی سارا مدار طی کرکے اوسی نقطہ
تک پہر اجاوی وقت گردش اوس سیارہ کا کہتی ہین

(۲۸) اگر ہم جانتی ہون مقدار مادہ جسم مرکزی کا یعنی اوس جسم کا جسکی گرد
سیارہ اول دوسرے مرتبہ کا گردش کرتا ہی اور اگر ہم فرض کرین کہ اس مقام پر سی اس سمت
مین اور اس رفتار سی ایک جسم متحرک یعنی ایک سیارہ نی حرکت شروع کی ہی تو ہم
بوسیلہ حساب کی دریافت کرسکتی ہین اتنی باتین طول محور کلان کا اور خارج المرکز اور مقام
اوس خط کا جو واقع ہو مابین نقاط انتہا محور کے اور وقت گردش کا

اس جای ہم نہین بیان کرسکتی ہین سب ترکیبین اور صورتین جو واسطی حساب مذکور کی کام
مین آتے ہین لیکن ہم بیان کرینگی صرف ایک عجیب بات کا جو حساب مذکور سے معلوم ہوتی ہی
طول محور کلان کا موقوف ہی ان دو باتون پر یعنی اول تیزی رفتار پر جس سی جسم مذکور پہینکا
گیا ہی اور دویم مقام پر جہانسی وہی جسم پہینکا گیا ہی اور نہین موقوف ذرا بہی اوپر
سمت کے کہ جس سمت مین جسم مذکور پہینکا گیا ہو

(۲۹) اب ہم بیان کرینگی اوس قاعدہ کو جس سی حرکات سیارون اول یا دویم قسم کے

کا اپنی اپنی مدار مین حساب ہو سکتا ہی یہہ ظاہر ہی کہ یہہ کام سہل نہین ہے ہمنی اُسے
لکہا ہی کہ رفتار سیارہ کی اپنی مدار مین یکسان نہین ہوتی (کسواسطی کہ جسوقت وہ آفتاب سے
نہایت نزدیک ہوتا ہی یعنی جسوقت وہ حضیض پر ہوتا ہی اوسوقت رفتار نہایت زیادہ ہوتی
ہی) اور یہہ بات ظاہر ہی کہ طول سیّارہ کا بہت بی قاعدگی سے زیادہ ہوتا ہی کیونکہ
جسوقت سیّارہ نزدیک آفتاب کی ہوتا ہی اوسوقت اوسکی حرکت بڑے تیز ہوتی ہی
اور اسیواسطی طول نہایت جلد زیادہ ہوتا ہی اور جسوقت سیّارہ مذکور آفتاب سے بہت
دور ہوتا ہی تو طول مذکور نہایت آہستہ زیادہ ہوتا ہی وہ قاعدہ جسکو بدلایل عقلی
کے ثابت کیا ہی اور تجربہ اور دیکہنی سی بہی درست ٹہہرا ہی یہہ ہی سطحین جو نقطہ قطر
متحرک زمانون مساوی مین طی کرتا ہی ایسمین مساوی ہوتی ہین یہہ قاعدہ قایم رہتا ہی
خواہ زور کشش بقدر زیادتی اور کمی مجذور فاصلہ کے کم و بیش ہوتا ہی خواہ کسی اور نسبت
شکل (۵)
سی بشرطیکہ زور کشش کی سمت ہمیشہ طرف
جسم جرے کے.

(۳۰) مثلا اگر ایک دنمین ایک سیّارہ
نقطہ م سی ا تک پہنچی تو وہ دوسرے دنمین اسے
ب تک مسافت طی کریگا اسطرح سی کہ سطح م ق ا کہا ساوی ہو سطح ا ق ب
کی اور تیسرے دنمین وہ مسافت ب سی ج تک طی کرے اسطرحسی کہ سطح ا ق ب
مساوی ہو سطح ب ق ج کے اور علی ہذا القیاس

(۳۱) اس اصل کے موافق یعنی اس اصل کا لحاظ کر کے ریاضی دانون نے ترکیبین
واسطی دریافت کرنے مقام کسی سیارہ یا چاند کے کسے اوقات مفروض مین ایجاد کی
ہین گی ترکیبین ایسی مشکل اور طویل ہین کہ ہم اس آسان رسالہ مین اونکا ذکر نہین.

کرینگی لیکن ہم بتائینگی معنی دو لفظون اصطلاحی کی جو اس قسم کے حسابون مین اکثر واقع
ہوتی ہین فرض کرو کہ سیارہ اپنے نصف مدار م ا ب ج و س ص ط ع ل کو
۱۰ دنمین طی کرتا ہی یا اپنی کل مدار کو ۲۰ دنمین طی کرتا ہی اور یہہ بہی فرض کرو کہ چاہتی
ہین ہم دریافت کرنا مقام اوس سیارہ کا بعد تین دن اوسکی روانگی کے نقطہ حضیض سے
اگر مدار سیارہ مذکور کا شکل دایرہ ہووی تو وہ تین دنمین ایک قوسی م ہ ف کے طی
کریگا اگر خارج المرکز مدار مذکور بہت کم ہو یعنی اگر شکل مدار اور دایرہ مین کچہہ تہوڑا
ہی سا فرق ہو تو قوس جو سیارہ زمانہ مذکور مین طی کریگا وہ م ہ ف سی بہت فرق نہین
رکہیگی مقدارین خارج المرکز مدارون تمام سیارونکی بہت کم ہین اور اسیواسطی بنظر
سہولیت کی ہم قوس طی کی گئی م ہ ف کا تصور کرتے ہین اور یہہ خیال کرتے ہین کہ اوسمین
غلطی بہت نہین لیکن کچہہ صلاح اوسمین ضرور ہے اس زاویہ یا قوس کو (مثلاً م ہ ف کو
کہ مناسب وقت سی ہی یعنی زیادہ ہوتا ہے اوسیقدر جسقدر وقت زیادہ ہوتا ہی
انوملی تقریبی کہتی ہین اور وہ زیادتی یا کمی کو جو اسمین کرنے چاہئی تاکہ انوملی حقیقی
حاصل ہو مساوات مرکز سے لیتی ہین اوقات اونکی گردش کے مساوی ہونگی
توبشرطیکہ اونکی فاصلی مساوی آپسمین مساوی ہون یہہ بہی ثابت ہوا ہی کہ سیاری
جو گرد آفتاب گردش کرتے ہین اون سیارونکی اوقات گردش اور فاصلون مساوی مین
یہہ نسبت ہوتی ہی مجذور اوقات گردش کے متناسب ہوتی ہین مکعبون فاصلون مساوی
کی سی یعنی اگر دو سیاری ہون اور اگر اونکی اوقات گردش کی دنون یا بلون وغیرہ
کی تعداد دونکو علیحدہ علیحدہ مجذور کرین اور بعد ازان اونہین سیارونکی فاصلون مساوی
کے کوسون یا کروڑ وغیرہ کے عدد ونکو مکعب کرین تو مجذور مذکور آپسمین وہی نسبت
رکہینگی جو مکعب مذکور آپسمین رکہتی ہین

(۳۵) مثلاً وقت گردش مشتری کا گرد آفتاب ۴۳۳۲،۶ دن ہی اور زحل کا ۱۰۷۵۹،۲ دن ہی اور مجذور ان عددونکی یہ ہین ۱۸۷۷۲۲۸۹ اور ۱۱۵۷۶۰۳۸۵ فاصلہ مساوی مشتری کا آفتاب سی ۴۸۷۴۹۱۰۰۰ میل اور زحل کا ۸۹۳۹۵۵۰۰۰ میل ہی اور مکعب ان عددونکی یہہ ہین

۱۱۵۸۴۹۶۰..................... اور

۷۱۴۴۰۸۸۰.................... اور جسوقت کہ دور کریے ۲۰ صفر دونوں اعداد مین پائی جاتے ہین تو ظاہر ہوگا کہ ۱۸۷۷۲۲۸۹ قریب وہی نسبت رکھتا ۱۱۵۷۶۰۳۸۵ اسی جو ۱۱۵۸۴۹ ، رکھتا ہی ۷۱۴۴۰۸ اسی

(۳۶) اسیطور پر اوقات گردش تیسری اور چوتھی چاند مشتری کی کہ اوسکی گرد گھومتی ہین یہ ہین ۷،۱۵۴۵۵ اور ۱۶،۶۸۹۷۷ دن مجذور ان اعداد کی یہ ہین ۵۱،۱۸۷۶ اور ۲۷۸،۵۱۰۵ فاصلے مساوی ان چاندونکی مشتری سے یہ ہین ۶۷۰۰۸۰ اور ۱۱۷۸۵۶۰ میل اور مکعب ان عددونکی یہ ہین ۱۲ صفر اور ۳۰۰۸۶۶ اور ۱۲ صفر اور ۱۶۳۷۰۲۹ اور ظاہر ہی کہ ۵۱،۱۸۷۶ وہی نسبت رکھتا ہی طرف ۲۷۸،۵۱۰۵ کے جو ۳۰۰۸۶۶ رکھتا ہی طرف ۱۶۳۷۰۲۹ کی

(۳۷) لیکن اس جائی یہہ بات بیان کرنے ضرور ہی کہ قاعدہ مذکورہ بالا صرف اوسے صورت مین جاری ہو سکتا ہی جبکہ مطابق کرین ہم اوقات گردش اور فاصلوں مساوی صرف اون اجسام کو جو یکہی جسم مرکزی کی گرد گھومتی ہون مثلاً قاعدہ مذکور جاری ہوتا ہی جسوقت کہ مطابق کرتے ہین اوقات گردش اور فاصلون مساوی مشتری اور زحل کو کسواسطیکہ وی دونون گھومتی ہین گرد آفتاب کے

اور اسیطرحسی وہ جاری ہوسکتا ہی جبکہ مطابق کرتے ہین ہم اوقات گردش اور
فاصلون مساوی تیسری اور چوتھی چاندمشتری کی لیکن یہہ قاعدہ نہین
جاری ہوسکتا ہی جسوقت کہ مطابق کرین ہم وقت گردش اور فاصلہ مساوی مریخ کو کہ
گرد آفتاب کی گھومتا ہی ساتھہ وقت گردش اور فاصلہ مساوی مشتری کی تیسرے
چاند کہ گرد آفتاب کی نہین گھومتا ہی بلکہ گرد مشتری کے

(۳۸) واسطی مطابق کرنے اوقات گردش اور فاصلون مساوی اون سیّارون
یا چاندون کی جوگرد مختلف جسمون مرکزی کے گھومتی ہین یہہ قاعدہ بوسیلہ حساب اور قاعدہ
کشش کے نکلاہی اگر ہرسیارہ کی وقت گردش کی مجذور کو اوسکی جسم مرکزی کی مقدار مادہ
مین ضرب کرین تو ظاہر ہی کہ واسطی ہرسیارہ یا چاند کے مختلف حاصل ضرب پیدا ہونگی پس یہہ
حاصل ضرب آپسمین وہی نسبت رکھتی ہین جو مکعب اونکی فاصلون مساوی کی (یعنی اپنے
جسمون مرکزی سی) آپسمین رکھتی ہین مثلاً فاصلہ مساوی مشتری کی چوتھی چاند کا مشتری سے
سی ۱،۸۰۵۶۰ اوّل ہی اور اوسیکا وقت گردش ہی ۱۶،۶۸۸۰۷ دن
ہی اور فاصلہ مساوی زمین کا آفتاب سی ۹۳،۲۶۹۰۰ میل ہی اور اوسیکا وقت گردش
گرد آفتاب کے ۳۶۵،۲۵۶۴ دن ہی اور مقدار مادہ مشتری کا ۱۰۵۰ حصہ مقدار
مادہ آفتاب کا ہی مکعب فاصلون مساوی کی علیحدہ علیحدہ ۱۲ صفر معہ ۱۶۳،۰۲۹
اور ۱۸ صفر معہ ۸۲۳۳۶۵ ہین اور حاصل ضرب مقدارون مادہ اور مجذورون
اوقات گردش کی علیحدہ علیحدہ ۱۰،۶۲۶۰۲۵۲ اور ۱۳۳۳۴۱۲ مین اور یہی
پچھلی دو عدد آپسمین وہی نسبت رکھتی ہین جو ۱۲ صفر معہ ۱۶۳،۰۲۹ اور
۱۸ صفر معہ ۸۲۳۳۶۵ آپسمین رکھتی ہین

(۳۹) تین قاعدون مرقومہ بالا کو جسمین سی اول تو یہہ ہی کہ سیاری حرکت

حرکت کرتی ہین مداروں بیضوی مین اور دوسرا یہہ کہ نصف قطر متحرک ہر سیارہ کی مدار ۳۰

مین مساوی اوقات مین مساوی قطعات بیضوی کی سطح کے طی کرتا ہی اور سویم یہہ کہ مجذور

اوقات گردش کے متناسب ہوتی ہین مکعب فاصلون مساوی قواعد کیپلر کے کہتی ہین

کیونکہ پہلی ایجاد ہونی حسکم کشش کے اس شخص نے دیکھی حرکات سیارونکی سے اپنی قاعدہ بھی

معلوم کرلیتی تہی نیوٹن نی سنہ ۱۶۰۰ عیسوی مین ان قاعدونکو بدلایل عقلی ثابت کیا

(۴۰) تین قاعدون مرقومہ بالا مین سی تیسرا قاعدہ بالکل درست نہین ہی الا اوس

صورت مین جبکہ فرض کرین ہم کہ جسم مرکزی بالکل بحرکت ہی لیکن جسم مرکزی کا بالکل

بحرکت ہونا برخلاف اصول کے جنکو ہمنی بیان کیا ہی فصل اول مین جسوقت کہ خیال

کرین ہم مشتری کی گردش کا گرد آفتاب کی اوسوقت لازم ہی ہمین خیال کرنا یہہ بہی کہ جسوقت

آفتاب مشتری کو کہینچتا ہی تو اوسوقت مشتری بہی آفتاب کو کہینچتا ہی لیکن بنسبت آفتاب

کے سب سیاری ایسی چہوٹی ہین کہ مثلاً مقدار مادہ مشتری سے ایک ہزارونان حصہ مقدار

زیادہ آفتاب کا ہی کہ سہلاً کشش مشتری کو اوپر آفتاب کی لحاظ کرنا ضرور نہین ہی لیکن

واسطی ناز کحسابون علم ہیئت کی اوسکی ترکیب آیندہ سی لحاظ کرتے ہین حرکت

جو کشش مشتری کی آفتاب مین پیدا کرتی ہی جسقدر کہ مشتری کی مقدار مادہ آفتاب کی مقدار

مادہ سی کم ہی اگر آفتاب اور مشتری نزدیک ایک دوسرکی آنی باقی تو دی بعد کسی وقت

مقررہ کی بقدر حاصل جمع اپنی دونونکی حرکات کی نزدیک ایک دوسرکی حرکت کرتے

پس اگر آفتاب کو بحرکت مانین تو اس صورت مین آفتاب اور مشتری ایک دوسری کے

طرف اسیقدر کم نزدیک ہونگی آونگی جسقدر کہ مقدار مادہ آفتاب کم ہی حاصل جمع

مقدارون مادہ آفتاب اور مشتری سی یعنی اگر دونون آفتاب اور مشتری کو متحرک

مانے (جبیکہ وی حقیقت مین ہین) تو ذی ایک دوسرکی نزدیک اسیقدر آئیگی جسقدر

۳۰۱ ۳۰۰ اوسکو آنا چاہئی اگر فرض کرین ہم کہ آفتاب بحرکت ہی اور مقدار اوسکی مادہ بقدر مقدار مادہ مشتری کے زیادہ ہوگئی ہی بس جسوقت کہ مطابق کرین ہم مدارون مختلف سیارونکو کہ گرد آفتاب کی گہومتی ہین لازم ہی کہ بعد فرض کرنیکی یہہ بات کہ جسم مرکزی اسقدر کشش کرتا ہی جسقدر آفتاب اور سیارہ ملکر کشش کرتے ہین جاری کرین ہم قاعدہ مذکور القصدر کو تو ہم حاصل کرتے ہین ایک تناسب جو بالکل درست ہی واسطی سیارون مختلف کی اور یہی واسطی مختلف ایسی اجسام کے جو گرد مختلف جسمون مرکزی کی گہومتی ہین اور وہ تناسب یہہ ہی مکعب فاصلون متوسط کی آپسمین وہی نسبت رکہتی ہین جو وہی حاصل ضرب کہ پیدا ہوتی ہین ضرب دینی سی مجذور وقت گردش کو حاصل جمع مقدارون مادہ جسمون کشندہ اور کشیدہ کی رکہتی ہین

فصل تیسرے

بیان اس بات کا کہ حرکات اجرام فلکی مین خلل کیونکر واقع ہوتا ہی اور بیچ بیان اوس خلل کے جو اون چیزونمین واقع ہوتا ہی جنکی وسیلہ سی مقام مقدار ونکا منقطع ہو جاتا ہی

(۱۴) سابق مین ہمنی حرکات دو جسمونکا (مثلاً آفتاب اور سیارہ) اسطرح ذکر کیا ہی گویا کہ سوائے انکی کوئی اور کشش کرنیوالا جسم وجود نہ رکہتا تہا لیکن فصل اول مین ہمنی بیان کیا ہی کہ ہر سیارہ اور ہر چاند کہینچتا ہی آفتاب کو اور اور سیارون اور چاندونکو اب ظاہر ہی کہ چونکہ ہر سیاریکو مختلف اوقات مین باقی سیاری کہ اونکی جاہی ہر لحظہ بدلتی رہتی ہی مختلف طورسی کشش کرینگی اور اسیواسطی اوسکی حرکات اسطرح برہنین ہونگی جیسیکہ ہوسے وقوع مین آتین اگر صرف آفتاب ہی اوسکو کشش کرتا بس سیارونکے مدار ٹہیک شکلین بیضوی نہین ہین اور نصف قطر متحرک ہر سیارہ کا قطعات ایسے مدار کے بنسبہ بقدر اوقات

اوقات کی طی نہین کرتا ہے یعنی مساوی اوقات مین مساوی سطح نہین طی کرتا ہی
اور یہہ تناسب کہ مکعب فاصلون متساوی کے آپسمین وہی نسبت رکہتے ہین جو وہی حاصل
ضرب جو پیدا ہوتی ہین ضرب دینی سی مجذور وقت گردش کو حاصل جمع مقدارون
مادہ جسمون کشندہ اور کشیدہ کی رکہتی ہین بالکل درست نہین ہی لیکن زور کشش
اور سیارونکی کہ خلل انداز ہین نسبت زور کشش آفتاب کی اتنی کم ہین کہ قواعد
مذکورہ بالا قریب صحیح تصور کئی جاسکتی ہین اور یہہ بہت عرصہ دراز سے دیکہی اسی واسطی
عرصہ کتنی ہی برسونکی حاصل ہوتے ہین کہ اثر خلل مذکور کے ہمین معلوم ہوتی ہین

(۴۲) اول ہم تحقیق کرینگی عموماً یہہ کہ کسی سیارہ کی حرکت پر زور خلل انداز کیا کیا
اثر پیدا کرتے ہین اور بعد ازان تحقیق کرینگی اوس زور خلل انداز کو جو نسبت کسی خاص
سیارہ کی زور کشش سے پیدا ہوتا ہی ہم اب فرض کرتے ہین کہ ایک سیارہ گرد آفتاب
کے گہومتا ہی اور آفتاب بے حرکت ہی اور یہہ پہلی بات ہمنی اسواسطی فرض کی ہی
کہ ہمارا مطلب بسہولت بیان ہوسکی اور یہی فرض کرتے ہین کہ کوی اور خاص زور
سیارہ پر تو اثر کرتا ہی لیکن آفتاب پر نہین اثر کرتا ہی (یہہ بات کہ زور مذکور آفتاب
پر اثر نہین کرتا ہی ہمنے اسوقت اسواسطی تا لی ہی کہ ہمارا مطلب بسہولیت بیان ہوسکی
اور بعد ازان ہم اسے چہوڑ دینگی)

(۴۳) ہمنی پہلی بیان کیا ہی کہ سیارہ مذکور ایک ایسا خط منحنی مرتسم کرتا ہی جو بعینہ
شکل بیضوی نہین ہوتا ہی بلکہ وہ کوئی با قاعدہ خط منحنی نہین ہوتا ہی بلکہ سیارہ
مذکور اوسی خط منحنی کو جو اوسنی ایک دفع طی کیا ہی پہر طی نہین کریگا ہم یہی سیارہ
مذکور کے حرکت کو بہت تعبیر کرسکتی ہین فرض کرنے سی کہ وہ شکل بیضوے کی مدار مین
گردش کرتا ہی بشرطیکہ ہم یہہ بہی فرض کرلین کہ سب باتین جنسی بیضوی منقطع ہو جاتا ہی

ہر لحظہ بدلتی رہتی ہین ظاہر ہی کہ اس ترکیب سی سب طرحکی حرکت کو تغیر کر سکتی ہین
محور کلان اور خارج المرکز اور طول نقطہ جربر کے واسطی مختلف مقدارین فرض کر کے ہم
بہت طور سی بنا سکتی ہین ایک شکل بیضوی کہ گذرے اوسکا محیط سیارہ مین سے خواہ وہ کسی
مقام پر واقع ہووے اور بدلنی سی کسی خاص نسبت پر محور کلان وغیرہ مذکورہ بالا کو ہم
ایک ایسا بیضوی بنا سکتی ہین جسمین کہ سمت حرکت کی اوس مقام پر جہان سیارہ مذکور
واقع ہی وہی ہووے جس سمت مین سیارہ حرکت کرتا ہی لیکن ظاہر ہی کہ صرف ایک ایسے
